**Wives** - ئبل آیات بیویوں

افسیوں **5:22**

اے بیویو! اپنے شوہر کی ایسی تابعدار رہو جس طرح خداوند کی۔

افسیوں **5:23**

شوہر بیوی کے لئے سردار ہے جس طرح مسیح کلیسا کے لئے سردار ہے کلیسا مسیح کا جسم ہے اور مسیح اس جسم کا نجات دہندہ ہے۔

افسیوں **5:24**

کلیسا مسیح کے اختیار میں ہے اسی طرح بیویاں بھی ہر چیز میں شوہر کے اختیار میں ر ہیں۔

افسیوں **5:31**

صحیفوں میں کہا گیا ہے: "اسی لئے آدمی اپنے ماں باپ کو چھو ڑ کر اپنی بیوی سے ملتا ہے اور یہ دونوں ملکر ایک ہو تے ہیں۔"

افسیوں **5:33**

بلکہ تم میں سے ہر ایک کو چاہئے کہ اپنی بیوی سے اس طرح محبت کرے جس طرح وہ اپنے آپ سے کرتا ہے۔ اور بیوی کو اپنے شوہر کی عزت کر نی چاہئے۔

کرنتھِیُوں **7:3** ۱

شوہر اپنی بیوی کا حق ادا کرے اور اسی طرح بیوی اپنے شوہر کا حق ادا کرے۔

کرنتھِیُوں **7:34** ۱

بیاہی اور بے بیاہی میں بھی فرق ہے۔بے بیاہی کو خدا وند کی فکر بھی رہتی ہے تا کہ اس کا جسم اور روح دو نوں پاک ہوں۔مگر بیا ہی ہو ئی عورت دنیا کی فکر میں رہتی ہے کہ کس طرح اپنے شوہر کو راضی کرے۔

کُلِسّیوں **3:18**

اے بیویو! اپنے شوہروں کی فرمانبر دار اور ان کے ماتحت رہو۔ کیوں کہ خدا وند کے لئے کام کر نے کا یہ صحیح طریقہ ہے۔

تِیمُتھِیُس **2:11** ۱

عورت کو خاموشی سے پو ری طرح اطا عت گذاری کر نی چاہئے

تِیمُتھِیُس **2:12** ۱

میں کسی عورت کو اجازت نہیں دیتاکہ وہ کسی مرد کو سکھا ئے اور مرد پر اپنا اختیار چلا ئے بلکہ اسے

چپ چاپ ہی رہنا چاہئے

**تِیمُتھِیُس 2:13 ۱**

کیوں کہ آدم کی تخلیق پہلے کی گئی تھی اور حوّا کی بعد میں۔

**تِیمُتھِیُس 2:14 ۱**

آدم کو بہکایا نہیں جا سکتا تھا مگر حوّا کو بہکا لیا گیا اور وہ گناہ میں ملوّث ہو گئی۔

**تِیمُتھِیُس 2:15 ۱**

عورتیں ماں بننے کے فرض کو نبھا تی ہو ئی اگر ایمان محبت اور پاکیزگی کو اپنا کر اپنے اوپر قابو رکھتے ہوئے سیدھے راستے پر رہیں تو مقدس رہیں گی۔

**پیدائش 3:16**

، جب تو حاملہ ہو گی تب خداوند خدا نے عورت سے کہا“
دردِزہ ہو گا۔ اور تجھے وضع حمل کے وقت تو بہت تکلیف اٹھا ئے گی۔
لیکن وہ تجھ پر حکمرانی کرے گا۔” اور تو مرد سے بہت محبت کرے گی۔

**پطر س 3:1,2 ۱**

اسی طرح بیویوں کو چاہئے کہ اپنے شوہروں کے فرمانبردار رہیں اگر تم میں سے کسی کے شوہر خدا کے احکامات کی اطا عت نہ کریں تو انہیں ان کی بیویوں کے چال و چلن کے ذریعے کچھ با ت نہ کرو۔

**پطر س 3:2 ۱**

تمہا رے شوہر کامران ہو نگے جب وہ تمہا ری پاک اور با وقار زندگی کا مشاہدہ کریں گے۔

**طِطُس 2:1**

لیکن تو وہ باتیں بیان کر جو صحیح تعلیم کے منا سب ہیں۔

**طِطُس 2:2**

یعنی یہ کہ بوڑھے مرد پرہیزگار سنجیدہ اور متقی ہوں اور وہ صحیح تعلیمات اور انکا ایمان محبت اور صبر سے پرُ ہوں۔

**طِطُس 2:3**

اسی طرح بوڑھی عورتوں کو بھی مشورہ دو کہ وہ اپنے طرز عمل میں مقدس رہیں دوسروں کی برا ئی کہنے سے باز رہیں۔ اور بہت زیادہ مئے پینے کی عادت نہ ڈالیں انہیں بتا ئیں کہ کیا صحیح ہے اور کیا غلط وہ دوسروں کے لئے ایک مثال قائم کریں۔

**طِطُس 2:4**

اس طرح وہ جوان عورتوں کو تعلیم دیں کہ وہ اپنے شوہروں سے اور بچوں سے محبت کریں۔

**طِطُس 2:5**

**ان جوان عورتوں کویہ تعلیم دیں کہ وہ اپنے آپ پر قابو رکھیں اور پاک رہیں۔ اور وہ گھر کی دیکھ بھا ل کر نے میں مہربان ہو اور اپنے شوہروں کی اطا عت کریں تب کو ئی بھی شخص خدا کی دی ہوئی تعلیمات پر تنقید نہ کر سکے گا۔**

**امثال 12:4**

**ایک شخص اپنی خوبصورت بیوی پر فخر محسوس کر تا ہے ، لیکن ایک بیوی جو اپنے شوہر کی شر مند گی کا سبب بنے تو وہ اسکی ہڈیوں میں بیماری کی مانند ہے۔**

**امثال 14:1**

**عقلمند عورت اپنی عقل سے گھر کو سنوار تی ہے لیکن بے وقوف عورت بے وقوفی سے گھر کو تباہ کر تی ہے۔**

**امثال 19:13**

**بے وقوف بیٹا باپ کے لئے مشکلات کا سیلاب لاتا ہے اور ہر وقت بڑ بڑانے والی بیوی اس پانی کی مانند ہے جو ہمیشہ ٹپکتا رہتا ہے۔**

**امثال 21:9**

**جھگڑالو اور ڈانٹ ڈپٹ کرنے والی بیوی کے ساتھ گھر میں رہنے سے بہتر ہے کہ چھت کے کونے پرر ہیں۔**

**امثال 21:19**

**تند مزاج اور جھگڑالو بیوی کے ساتھ رہنے سے ریگستان میں رہنا بہتر ہے۔**

**امثال 25:24**

**جھاڑجھپاڑ اور جھگڑا لو بیوی کے ساتھ گھر میں رہنے سے چھت کے اوپر ایک کو نے میں رہنا بہتر ہے۔**

**امثال 27:15,16**

**جھاڑ جھپاڑ کرنے وا لی ،جھگڑا لو بیوی بارش کے دنو ں میں لگاتار ٹپکنے وا لی بارش کی مانند ہے۔**

**امثال 27:16**

**ایسی عورت کو روکنے کی کوشش کرنا ہوا کو روکنے کی یا تیل کو ہا تھ سے پکڑنے کی مانند ہے۔**

**امثال 31:10**

**وہ یاقوت سے زیادہ قیمتی ہے۔ نیک بیوی کون پا سکتا ہے؟**

**امثال 31:11**

**اور اسکی قدر و قیمت میں کوئی کمی نہیں ہو تی ہے۔ اس کا شو ہر اس پر اعتماد کرتا ہے**

امثال 31:12

اسے بغیر کو ئی تکلیف پہنچا ئے وہ اچھا ئی لاتی ہے۔ اسکی زندگی کے سبھی دنوں میں

امثال 31:13

،وہ بڑی مستعدی سے کام کرتی ہے۔ وہ اون اور کتان جمع کرتی ہے

امثال 31:14

اوراپنی خوردنی کی چیزیں گھر لاتاہے۔ وہ اس جہاز کی مانند ہے جو دور مقام سے آتا ہے۔

امثال 31:15

اپنے خاندان کے لئے کھا نا بنا تی ہے اور خادموں کا حصہ انکو دیتی ہے۔ وہ ہر صبح جلدی اٹھ کر

امثال 31:16

اور اپنی کمائی سے وہ انگور کا باغ لگا تی ہے۔ وہ کھیت کی طرف دیکھتی ہے اور اسے خرید لیتی ہے۔

امثال 31:17

اور اس کا بازو بہت مضبوط ہے۔ وہ بہت محنت سے کام کر تی ہے

امثال 31:18

اپنی بنائی ہو ئی چیزوں کو جب وہ فروخت کر تی ہے تو منافع کماتی ہے۔
اور رات میں اس کا چراغ نہیں بجھتا ہے۔

امثال 31:19

اور اس سے کپڑے بنتی ہے۔ وہ سوت کاٹتی ہے

امثال 31:20

اور صرف ضرورت مندوں کے لئے اپنے ہاتھوں کو بڑھا تی ہے۔ وہ ہمیشہ غریبوں کی مدد کرتی ہے

امثال 31:21

جب ٹھنڈی پڑ تی ہے تو وہ اپنے خاندان کے لئے فکر مند نہیں ہو تی ہے۔
کیوں کہ ہر ایک کے پاس گرم کپڑے ہیں۔

امثال 31:22

اور عمدہ کتا نی کپڑے پہنتی ہے۔ وہ چادر بنا تی ہے اور اسے اپنے بستروں پر بچھا تی ہے

امثال 31:23

اور شہر کے لوگوں میں اسکا مقام ہوتا ہے۔ لوگ اسکے شو ہر کی عزت کرتے ہیں

امثال 31:24

جو کپڑے اور تسمے بنا کر تاجروں کو فروخت کرتی ہے۔ وہ ایک اچھی تاجر عورت ہے

امثال 31:25

وہ مستقبل کی طرف اعتماد سے دیکھتی ہے۔ اسے طاقت اور عظمت سے ملبوس کیا گیا ہے۔

امثال 31:26

وہ دوسروں کو محبت اور مہربانی کرنا سکھا تی ہے۔ وہ کہتی ہے تو حکمت کی باتیں ہی کہتی ہے

امثال 31:27

اور ہمیشہ اپنے گھر بار کے متعلق دھیان دیتی ہے۔ وہ کبھی بھی کاہلی نہیں کرتی ہے

امثال 31:28

اور اسکا شوہر بھی اسکی تعریف کر تا ہے۔ اس کے بچے اٹھ کر اس کو مبارک کہتے ہیں۔

امثال 31:29

اس کا شوہر کہتا ہے، "بہت عورتیں ہیں جو عظیم الشان کام کرتی ہیں
لیکن تو ان سب پر سبقت لے گئی ہے!"

امثال 31:30

کشش دھو کہ باز ہے اور حسن چلی جاتی ہے،
لیکن عورت جو خدا وند سے خوف کھا تی ہے قابل تعریف ہے۔

امثال 31:31

اس کی تعریف کرو جس کا وہ مستحق ہے!
اور جو کام اس نے کیا ہے اس کے لئے عام لوگوں کے درمیان اس کی تعریف کرو!

**Pastor T. John Franklin**
**Church of Salvation, Healing, and Deliverance**
**COS-HAD.org**